محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

ٹینڈر نوٹس نمبر (C.B-02-2020-21)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لیے برائے مالی سال 2020-21 مندرجہ ذیل اشیا خوردنی لاٹ نمبر 1 کی فراہمی کے لیے جیل گیٹ پہنچ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران، مینوفیکچررز، ملز مالکان و محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ لائسنس یافتہ با اختیار ڈیلر حصہ لے سکتے ہیں تمام اشیاء کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ ٹینڈر دہندہ اپنی اشیاء کے 4 عدد سیل شدہ سیمپل ماسوائے نمک ثابت ٹینڈر کے ہمراہ مہیا کرے گا۔ ٹینڈر دہندگان بمطابق سیمپل مال سپلائی کریں گے۔ تمام ٹینڈر دہندگان زرضمانت جو کہ کل تخمینہ لاگت کا 2% جسکی تفصیل ذیل میں درج ہے نیز Bidding Documents اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دی گئی ہے، کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ٹینڈر دہندگان سیریل نمبر 04,05,06,08 درج شدہ اشیاء کے نرخ ریجن کے علاوہ تمام پنجاب کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں۔ محکمہ جیل میں غیر رجسٹرڈ شدہ مینوفیکچررز، ملز مالکان، ڈیلر صاحبان ٹینڈر جمع کروانے سے قبل اپنی فرم کی تفصیلات مقررہ فارم جو کہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) سے حاصل کیا جاسکتا ہے پر فراہم کرنے اور مجاز اتھارٹی سے منظوری حاصل کرنے کے پابند ہونگے ورنہ ان کے ٹینڈر جمع نہیں کیئے جائیں گے۔

تفصیل ریجن وائز

نمبر شمار	نام اشیاء	اکائی	لاہور ریجن	ساہیوال ریجن	فیصل آباد ریجن	سرگودھا ریجن	ملتان ریجن	بہاولپور ریجن	ڈی جی خان ریجن	راولپنڈی ریجن	کل مقدار / کل تخمینہ لاگت کل زرشمولیت
1.	دال چنا (دیسی)	کلوگرام	----	33900	----	----	----	----	16500	----	50400
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	----	4237500	----	----	----	----	2062500	----	6300000
	زرشمولیت 2%	روپے	----	84750	----	----	----	----	41250	----	126000
2	چنا سفید (ملکی)	کلوگرام	----	----	----	----	13300	----	10000	----	23300
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	----	----	----	----	1396500	----	1050000	----	2446500
	زرشمولیت 2%	روپے	----	----	----	----	27930	----	21000	----	48930
3	لوبیا (سفید دیسی)	کلوگرام	----	12250	----	----	6300	8850	6850	----	34250
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	----	1715000	----	----	882000	1239000	959000	----	4795000
	زرشمولیت 2%	روپے	----	34300	----	----	17640	24780	19180	----	95900
4	سرخ مرچ ثابت (ڈنڈی کٹ گول)	کلوگرام	12650	4500	6150	4500	2200	3050	1900	7350	42300
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	8222500	2925000	3997500	2925000	1430000	1982500	1235000	4777500	27495000
	زرشمولیت 2%	روپے	164450	58500	79950	58500	28600	39650	24700	95550	549900
5	ہلدی ثابت (خشک)	کلوگرام	1850	900	1050	900	425	525	350	700	6700
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	518000	252000	294000	252000	119000	147000	98000	196000	1876000
	زرشمولیت 2%	روپے	10360	5040	5880	5040	2380	2940	1960	3920	37520
6	چینی سفید	کلوگرام	103950	38650	51150	37550	18100	25850	15200	59100	349550
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	10914750	4058250	5370750	3942750	1900500	2714250	1596000	6205500	36702750
	زرشمولیت 2%	روپے	218295	81165	107415	78855	38010	54285	31920	124110	734055
7	نمک ثابت	کلوگرام	36733	9640	10040	12936	----	9389	5204	8940	98582
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	257131	67480	70280	90552	----	65723	36428	62580	650174
	زرشمولیت 2%	روپے	5145	1350	1406	1812	----	1315	729	1252	13009
8	چاول باسمتی سیر	کلوگرام	60200	26750	22700	17400	8600	12600	7800	45950	202000
	اوسط تخمینہ لاگت	روپے	7525000	3343750	2837500	2175000	1075000	1575000	975000	5743750	25250000
	زرشمولیت 2%	روپے	150500	66875	56750	43500	21500	31500	19500	114875	505000

نوٹ:۔ مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق دی گئی ہے اس میں بیشی بمطابق پیپرا رولز ہو سکتی ہے۔

شرائط:

1. تمام اشیاء کے ٹینڈر پیپرا رول (1)38 کے تحت وصول کئے جائیں گے جن میں صرف فنانشل پروپوزل ہوگی جسکے ساتھ اصل زرشمولیت منسلک کرنا لازمی ہوگی۔
2. تمام ٹھیکیداران سربمہر لفافے ٹینڈر بکس میں مورخہ 12.01.2021 دن 11:00 بجے تک ڈالیں گے۔ پرچیز کمیٹی تمام ٹینڈرز، ٹینڈر دہندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 11:30 بجے کھولیں گی۔
3. نیز لفافوں پر واضح طور پر جلی حروف میں نام اشیاء اور ریجن یا تمام پنجاب لکھا ہونا چاہیے۔ سربمہر ٹینڈر بکس اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے دفتر میں روز اشاعت سے رکھ دیا جائے گا۔
4. ٹینڈر کے ہمراہ متذکرہ اشیاء کی زرشمولیت بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی قومی شیڈول بنک کی بنی ہوئی ہو بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب دینا ضروری ہے۔
5. تمام اشیاء کے ٹینڈر فارم بعوض -/500 روپے فی فارم برائے مالی سال 2020-21 دفتر زیر دستخطی سے روز اشاعت سے دفتری اوقات کار میں مورخہ 12.01.2021 تک مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے خرید کیے جاسکتے ہیں نیز ہر ایک ریجن کی ہر آئیٹم کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم دینا ہوں گے۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ ٹینڈر خریدنے کی رسید لف کرنا ہوگی۔
6. بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات وفیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعداز معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہوگی فراہمی خوردنی اشیاء جس کی شرح و تفصیل اوپر درج کی گئی ہے پاکستان خالص خوراک کے رولز 1965 ترمیم شدہ 2011 اور پنجاب خالص خوراک ضابطہ کار، 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے۔
7. گذشتہ اور موجودہ مالی سال میں ٹھیکہ کے مطابق مال سپلائی نہ کرنے اور غیر معیاری اشیاء سپلائی کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹینڈر دہندگان کو مالی سال 2020-21 کے ٹینڈر میں حصہ لینے سے روکا جاسکے گا۔ محکمہ جیل کے صرف وہ ٹھیکیدار ٹینڈر میں حصہ لے سکیں گے جن کی رجسٹریشن کی تجدید برائے سال 2020-21 ہو چکی ہوگی۔
8. مندرجہ بالا آئٹمز کی فراہمی Punjab Pure Food Regulations, 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے جسکو باقاعدہ لیبارٹری یا متعلقہ محکمہ سے چیک کروایا جائیگا ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری بذمہ ٹینڈر دہندگان ہوگی۔
9. منظور شدہ آئیٹمز کی انسپکشن ماسوائے نمک ثابت ہیڈ آفس کی جانب سے مقررہ کردہ جگہ پر کروانی ہوگی۔ ترجیحاً ریجنل لیول کی منظور شدہ آئیٹمز کی انسپکشن متعلقہ ریجنل ہیڈ کوارٹرز اور آل پنجاب آئیٹمز کی انسپکشن لاہور یا دیگر موزوں جگہ جو کہ ہیڈ آفس مقرر کرے وہاں کروانی ہوگی۔
10. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں فرم متعلقہ کو منظوری کے بعد 07 یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہوگا بعداز معاہدہ 30 یوم کے اندر مال کی انسپکشن کی تاریخ دینی ہوگی جو کہ 10 یوم سے زائد نہ ہوگی۔ انسپکشن میں ناکامی کی صورت میں آفر منسوخ کردی جائے گی اور زرشمولیت ضبط کرلی جائے گی۔
11. وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری مفاد میں بمطابق پیپرا رولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔
12. تمام پیکنگ آئٹمز مثلاً بوری (جیوٹ) توڑے پلاسٹک وغیرہ ناقابل واپسی ہونگے۔
13. تمام مروجہ ٹیکسز اور اشٹام ڈیوٹی کی ادائیگی بذمہ فراہم کنندہ فرم / ٹھیکیدار ہوگی۔
14. ٹینڈر میں دی گئی اشیاء کی مکمل تصریحات (Specifications)، Bidding Document کی کاپی، اشیاء کی مقدار، زرشمولیت، شرح وتفصیل اور دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ (www.prisons.punjab.gov.pk) پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹر) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

1 آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 042-99200465-66   2. ڈی آئی جی (ہیڈکوارٹر) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473

3 مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042- 99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

مرزا شاہد سلیم بیگ
انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

Scanned with CamScanner